# تدبیر پھٹکڑی









چیف ایڈمن حکیم عبدالکریم آزاد

علم سنیاس وکشتہ سازی گروپ

P D F MAKER HAKEEM QAYUM KHAN


بسم الله الرحمن الرحيم





حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی



علم سنیاس و کشیدہ سازی گروپ





چیف ایڈمن حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی



ڈاکٹر سید رضوان شاہ گیلانی

ڈاکٹر سید ایم۔ این۔ اے کاظمی

حکیم سید اعجاز حسین

حکیم خضر عباس

حکیم عبدالمتین

حکیم قیوم خان

صلاح الدین منصوری انڈیا

ڈاکٹر حکیم عبدالسلام فرام جوہر آباد

ڈاکٹر حکیم محمد شاہد ریاض جوہر آبادی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ٹوپک

تدبیر پھٹکڑی



## روغن پھٹکڑی

پھٹکڑی پر اپنے اپنے تجربات مشاہدہ طریقہ استعمال

فوائد مقدار خوراک

پر تفصیل سے روشنی ڈالیں

تمام اطباء واستاذہ کرام اپنا تجربہ بیاں فرمائیں

تمام استاذہ کرام جو اس فن میں مہارت یا عبور رکھتے ہیں ان سے التجاء ہے کہ ٹاپک میں بھرپور حصہ لیں اور ان کشتہ جات کے قانونی واصلاحی پہلوؤں پر روشنی ڈالیں ایک دوسرے کی مکمل رہنمائی کریں

تنقید براء اصلاح کریں

تمام احباب کو فل اختیار ہے وہ ہر ایک بات کے مختلف پہلوؤں پر قانونی نقطہ پر سوال وجواب کریں تاکہ ہم سب کو ایک علمی و عملی

سبق حاصل ہو

نوٹ

تمام قابل قدر ممبرز سے گزارش ہے کہ وہ گروپ رولز کو فالو کریں دوران ٹاپک دیگر کسی قسم کی گفتگو وڈیو شیئرنگ سے اجتناب کریں

ایک دوسرے کے ساتھ پیار محبت وشفقت سے پیش آئیں

ایک دوسرے کا ادب واحترام کریں

ٹاپک سے ہٹ کر کوئی پوسٹ یا گفتگو سے گریز کریں

بہت بہت شکریہ

منجانب گروپ ایڈمنز

# علم سنیاس وکشتہ سازی

# پھٹکڑی

قدیم زمانے سے استعمال ھوتی آرھی ھے۔اس کا استعمال طبیب بقراط اور دیسقوریدوس کے کتابون مین بھی ملتا ھے۔

یہ نمک کے گندہے جیسی ھوتی ھے مگر وزن مین اس سے ھلکی ھوتی ھے۔

فٹکی کے نام

فارسی۔زاک

ھندی۔فٹکری

رومی۔سنقریا

یونانی۔فلفل القیس۔قلقیدس

**Alum** انگریزی۔

**Alumanun sulphate** لاطینی

## فٹکری کے اقسام

رنگ شکل اور ذائقے کے لحاظ سے کئ اقسام ہیں ن۔پر دوا کے طور پے دو قسم مستعمل ھوتے ھین ایک سفید اور دوسری لال۔

## فٹکری کی طبی معلومات

مزاج گرم 2 خشک 3

ذائقہ تیز کساری مائل

مضر زیادہ استعمال سے پھپھڑے اور آنتون کو نقصان دیتی ہے۔

مصلح کیر گیھ اور شھد

## بدل

نوشادر

## مقدار خوراک

250 ملی گرام سے 500 ملی گرام

## طبی خاصیت

قابض۔ سکون آور رطوبط کو خشک کرتی ہے بلغم خارج کرتی ہے بھترین انٹیسیفٹک ہے

# روغن پھٹکڑی

ایک کلو پھٹکڑی سفید لے کر کھرل کریں روغنی ہنڈیا میں ڈالیں اوپر سے دو کلو پانی ڈالیں اور درمیانی آگ پر پکائیں جب پانی ایک کلو راہ جائے تو اوپر سے ایک کلو پانی اور ڈال دیں اسی طرح 25 کلو پانی لگائیں جب پانی خشک ہو جائے تو ٹھنڈا ہونے پر کھرل کریں اور اس میں ایک کلو زنک کلورائیڈ اس میں کھرل کریں اور پلاسٹک کے ٹب میں کھلے منہ کمرے میں رکھ دیں چند

دنوں میں تیل ہو گا زنک نیچے بیٹھ جائے گا روئی کی وٹ لگا کر معقطر لیں پھٹکڑی کا تیل معقطر میں آجائے گا زنک پیچھے رہ جائے گا روغن پھٹکڑی تیار ہے،

میں نے کیمیاء میں استعمال کیا ہے آپ جو کام لے سکیں لے لیں

حکیم فہیم

## پھٹکڑی سفید

پھٹکڑی

جس کو عام طور پر پھٹکری بھی کہا جاتا ہے ایک آبیدہ اُشنانصر زاصر سلفیٹ **(alum)** کیمیائی مرکب **(hydrated potassium aluminium sulfate)** ہے۔اس میں پانی کے بارہ مالیکیول ہوتے ہیں۔اس کا مزاج سرد تر مانا جاتا ہے۔اس کا کیمیائی ،یعنی فارمولا صیغہ $KAl(SO4)2.12H2O$ اختیار کیا جاتا ہے۔ بریاں کرنے سے اس کی تری یعنی پانی کے مالیکیول رخصت ہو کر خشکی چھوڑ جاتے ہیں۔اور پھٹکڑی بریاں کا مزاج سرد خشک ہو جاتا ہے۔

عام تحریروں میں لفظ پھٹکڑی سے مراد سفید کچی پھٹکڑی ہی مراد ہوتا ہے۔

پھٹکڑی طب میں فرسٹ ایڈ سے لیکر عفونتی اورام تک استعمال ہوتی ہے۔ کثیر الفوائد نہایت اہم دوا ہے۔ ہر طبیب کے فرسٹ ایڈ باکس کا حصہ ہوتی ہے۔

پھٹکڑی کو پانی صاف کرنے اور جراثیم سے بچاؤ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ اسکا استعمال صحت اور خوبصورتی کے لئے بھی کیا جاسکتا ہے۔

جھریوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے پھٹکری کے ایک چھوٹے سے ٹکڑے کو گیلا کر کے آہستہ آہستہ اپنے چہرے پر رگڑیں کچھ دیر بعد عرق گلاب سے چہرے کو دھولیں، اسکے بعد موسچرائزر کا استعمال کریں۔ آہستہ آہستہ چہرے سے جھریاں غائب ہو جائیں گی۔

سر میں خشکی ہونے کی صورت میں شیمپو کے ساتھ ایک چٹکی پھٹکری اور نمک شامل کر کے سر دھولیں خشکی ختم ہو جائے گی۔

پھٹکری کو بریاں کرنے کیلیئے خالی پیالی میں اتنا گرم کریں کہ وہ پگھل کے فوم کی شکل میں آ جائے، ٹھنڈا ہونے کے بعد اس میں ناریل کا تیل ملا کے پھٹی ایڑیوں پر لگائیں۔ یہ نسخہ پھٹی ایڑیوں کو فوری آرام پہنچاتا ہے۔

جن افراد کو زیادہ پسینہ آتا ہو اور وہ اس سے بہت پریشان ہوں، ایسے افراد صرف نہاتے وقت پانی کی بالٹی میں پھٹکری ڈال کے اس پانی سے نہائیں پسینہ نہیں آئے گا۔

نکسیر پھوٹنے کے مریض پھٹکڑی کو پانی میں حل کے کے اس کے قطرے ناک میں ٹپکائیں، جلد آرام آجائے گا۔

پھٹکری جلا کر راکھ بنالیں یعنی بریاں اسمیں ایک انڈہ کی سفیدی ملا کر مناسب قوام کا پیسٹ بنالیں یہ مساج کرنے سے ہر قسم کی خارش میں آرام آجاتا ہے۔

ایک ماشہ پھٹکڑی کا بریاں پاؤڈر صبح وشام ایک گلاس نیم گرم پانی کے ساتھ کھانے سے کھانسی دور ہوتی ہے اور دمہ کی شکایت بھی دور ہو جاتی ہے۔ یہ دل کو قوت بھی دیتا ہے۔

ایک ماشہ پھٹکڑی کو پاؤ بھر گرم پانی میں گھول کر دن میں دوبار زخموں کو دھونے سے زخم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

پھٹکڑی مصفی ہے اور زخموں سے خون ورطوبات کا بہاو خشک کرکے روکتی ہے اور زبردست مندمل کرنے والی دوا ہے۔

استسقاء ذقی میں پیٹ پر پھٹکڑی بریاں اور انڈے کی سفیدی والا پیسٹ لگانا بہت مفید ہے۔

پھٹکڑی سرخ وسفید کا مرکب ہیپاٹائٹس بی سی میں شافی بیان کیا جاتا ہے۔

امساک کے نسخوں میں بھی ڈالی جاتی ہے۔

ڈاکٹر سید رضوان شاہ گیلانی

## پان گٹکا

پان گٹکا میں پوری یا دیگر تمبا کو چونہ والے چھالیہ استعمال کرنے سے جن کے منہ میں چھالے پڑ گئے ہوں اور کھانہ کھانے یا مرچ پانی وغیرہ استعمال کرنے سے دشواری ہو رہی ہو بھوک بھی شدت کی ہو اور کھانہ بھی پسند کا تیار ہو مگر مجبوری سے کھا نا پاتے ہوں اور ہر طرح کے علاج کرنے کے باوجود ٹھیک نا ہوتے ہوں ان کے لیے کسی اکسیر سے کم نہیں بنا کر فائدہ حاصل کریں

پھٹکری حسب ضرورت لیکر اس کو اچھی طرح سے توے پر بریاں کر لیں جب یے بلکل پھول جائے تو اس کو اچھی طرح سے پیس لیں اب اس میں خالص شہد مکس کر کے پیسٹ بنا لیں دن میں ایک سے دو بار یے پیسٹ منہ میں لگا کر منہ بند کر کے رہنے دیں جب منہ میں پانی بھر جائے تو پھر تھوک دیں

اس طرح دن میں دو سے تین بار عمل کرنے سے پہلے دن آپ کو سوچ سے زیادہ رزلٹ ملے گا ان شاءاللہ

عبدالکریم آزاد

# تریاق الدم

ھوالشافی

اجزاء

شب یمانی ایک تولہ

سیسہ ایک تولہ

## ترکیب

سیسہ کو پگھلا کر چٹکی دے کر لوہے سے ہلاتے جائیں۔

سرد کر کے کھرل کریں۔ کپڑ چھان کر کے

دس تولہ برگد کی داڑی کا شیرہ کھرل کریں۔ دس کلو اپلوں کی آگ دیں۔

پیس کر نگاہ رکھیں۔

## مقدار خوراک

دو رتی چینی میں ملا کر اوپر سے خسیاندہ برگ بانسہ وبہیدانہ دیں۔

## فوائد

ہر قسم کے خون کو بند کرتا ہے۔

کھانسی سے آتا ہو۔

پیشاب کے راستہ

بواسیر کا

کثرت حیض کا

نکسیر کا

جدھر سے بھی آتا ہو بند ہو جائے گا۔

ڈاکٹر و حکیم محمد شاہد ریاض

## نسخہ پھٹی ہوئی ایڑیوں کے لیے

100 ایم ایل سرسوں کا خالص تیل

100 ایم ایل سادہ پانی

پھٹکری باریک پسی ہوئی آدھا چمچ

پھٹکری کو پانی میں مکس کر کے حل کریں

پھر تیل مکس کر کے اچھی طرح حل کریں جب تینوں خوب مکس ہوں تو بوتل میں محفوظ رکھیں

### ترکیب استعمال

پہلے متاثرہ جگہ کو صاف پانی سے دھو کر ہلکہ خشک کریں پھر اس مکس تیل کو ہلکہ نیم گرم کر کے اچھی طرح مساج کریں

صبح و شام

چند یوم میں فائدہ ہو گا

ان شاء اللہ

عبدالکریم آزاد

# ایسے زخم جو ظاہری جسم کے کسی بھی حصہ پر ہوں

ایسے زخم جو ظاہری جسم کے کسی بھی حصہ پر ہوں اور ہر طرح کے علاج کرنے کے باوجود بھی ٹھیک نا ہوتے ہوں تو یے آسان ترکیب بھی آزمالیجیے گا

پھٹکری ایک تولا کو باریک پیس کر ایک کپ پانی میں مکس کردیں پھر اس پانی کو نیم گرم کر کے زخم کو اس پانی سے دھو کر صاف کریں اور زخم کو روئی سے خشک کر کے

پھر اس زخم کے اوپر خالص شہد لگائیں

روزانہ ایک یا دو بار یے عمل کرتے رہیں

چند ہی یوم میں آپ کو حیرت انگیز نتائج ملنا شروع ہونگے

ان شاء اللہ

عبدالکریم آزاد

# نسخہ گردہ و مثانہ کی پتھری کے لیے

پھٹکری بریاں 50 گرام

کشتہ سنگ یہود 25 گرام کھرل کر کے 500 ملی والے کیپسول بھر لیں

ایک صبح

ایک دوپہر

ایک رات کو عرق سونف ایک کپ میں ایک کپ پانی مکس کر کے استعمال کریں

جلد فائدہ ہو گا

ان شاء اللہ

عبدالکریم آزاد

## خاص الخاص فطری امساک پیدا کرنے کے لیے

پھٹکری بریاں 100 گرام

روغن بہروزہ 10 گرام

پھٹکری کا باریک سفوف بنا کر اس میں روغن مکس کر کے اچھی طرح گھنٹہ تک کھرل کریں

250 سے 500 والا کیپسول صبح شام دودھ کی کچی لسی سے

سرعت انزال

جریان احتلام

ذکاوت حس

سوزاک

پس سیل

گردہ مثانہ رحم کے انفیکشن کے لیے مفید ہے

خاص الخاص فطری امساک پیدا کرنے کے لیے لاثانی دوا ہے

عبدالکریم آزاد

## مصفی اور جریان لیکوریا کی لاجواب دوا ہے

هوالشافی

شب یمانی سفید آدھ کلو گلو سبز ایک کلو گلو کی ٹہنیوں کو دھر دھر اسا کوٹ کر پھٹکری کی ڈلیوں کے اوپر نیچے دے کر کڑاہی میں آگ دیں جب اچھی طرح پھول جائے نکال کر سب سفوف کر لیں نفث الدم بخار ہر قسم لیکوریا پہ بہترین کام کرتی ہے اگر یہ عمل مہندی کے پتوں میں کریں تو مصفی اور جریان لیکوریا کی لاجواب دوا ہے

راشد محمود حاصلپور

## مجرب علاج السر معدہ

پھٹکری سفید بریاں سو گرام آمبہ ہلدی سو گرام برگ مہندی پچاس گرام سب کو بریک کوٹ چھان کر پانچ سو ملی گرام کپسول بھر لیں صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی سے کھائیں السر معدہ درد معدہ کا بہترین علاج ہے

شاہد محمود

## مجرب علاج السر معدہ



### ھوالشافی

پھٹکری سفید بریاں سو گرام

آمبہ ہلدی سو گرام

برگ مہندی پچاس گرام

### ترکیب

سب کو بریک کوٹ چھان کر لیں

### مقدار خوراک

پانچ سو ملی گرام کپسول بھر لیں۔

صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی سے کھائیں

### فوائد

السر معدہ درد معدہ کا بہترین علاج ہے

## اکسیرِ زاجی

ایک پاؤ شب یمانی سفید لیکر سفوف بنالیں ایک کلو آبِ دھماسہ مقطر بذریعہ دھیمی آنچ جذب کروائیں پھر کھرل کر کے رکھیں اور ایک کلو سک سملو لیکر دردرا کر کے 5 کلو پانی میں چوبیس گھنٹے پڑا رہنے دیں چوبیس گھنٹے بعد ہلکی آنچ پہ رکھیں اور اسقدر پکائیں کہ ایک کلو پانی رہ جائے تو اتار کر گرم گرم چھان کر یہ چھان شدہ پانی مقطر کر کے زاجِ ابیض میں بذریعہ دھیمی آنچ جذب کروائیں پانی ختم ہونے پہ آگ بند کر کے فوراً آگ سے اتار کر کھرل کر کے 250 ملی گرام والے کیپسول بھر لیں

### ترکیب استعمال

ایک ایک کیپسول دن میں دو سے تین بار مرض و مریض کی کنڈیشن کو مد نظر رکھ کر ہمراہ عرقِ شاہترہ و عرقِ منڈی یا عرقِ ہلدی استعمال کریں

میں اسکے ساتھ شفائی کیپسول بھی دیتا ہوں جسکا نسخہ یہ ہے

انبہ ہلدی پچاس گرام

سملو پچاس گرام

دھماسہ (پارچہ بیز سفوف شدہ) پچاس گرام

کنڈیاری کا پختہ پھل پچاس گرام

برگِ نیم پچاس گرام

کشتہ سنکھ بیس گرام

## ترکیب تیاری

ہر دو اصاف اور غیر کرم خوردہ لیکر بایک مثلِ غبار سفوف بناکر دو سو پچاس ملی گرام والے کیپسول بھر لیں

## طریقہ استعمال

ایک ایک کیپسول کھانے کے تیس منٹ بعد ہمراہ تازہ پانی یا مناسب بدرقہ دن میں تین بار

## فوائد

کشتہ زاج اور شفائی کیپسول تمام امراضِ خبیثہ سرطان. داد. چنبل. ناسور. بواسیر. خارش. گنگرینمعدے کی السر اور تمام قسم اندرونی وبیرونی زخموں کو جلد مندمل کرنے کے لیئے عرصہ بارہ سال سے میرا معمولِ مطب ہے آجکل ختم ہوا ہے چونکہ اس نسخے میں سبز اور تازہ دھماسے کا پانی مستعمل ہے اور چونکہ دھماسہ ابھی اگنا شروع ہوئی ہے اس لیئے ایک مہینہ بعد دوبارہ یہ اکسیرِ زاجی تیار کروں گا

حکیم جمیل احمد پیر سباقی

# تدبیر پھٹکڑی سرخ

بقیہ دواجزا کے ساتھ بنائیں تاکہ رزلٹ صحیح اور لاثانی ملے،،ایک پاو پھٹکری سرخ،لیں ایک پاو سندھور لیں ایک پاو سنگجرا لیں تینوں اجزابرابر کھرل کرکے روغنی ہانڈی میں بند کرکے دس کلو اپلوں کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں سفید رنگ میں پھلہ ملے گا

مقدار خوراک

ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مکھن ملائی منقہ میں رکھ کر کھائیں فوائد،،جراح لوگ ہڈی ٹوٹ جائے کھلاتے ہیں پھوڑے پھنسی خارش کے لیے بہترین دوا ہے جریان منی احتلام سرعت انزال ذکاوت حس لیکوریا اندام نہانی کی سوزش اور سیلان خون کو روکنے کے لیے بہترین دوا ہے

دعاگو

حکیم ملک غلام محمد شاکر اچشریف

# پھٹکری سفید

حسب ضرورت ہے کر بند و گل حکمت کرکے دس کلو اُپلوں کی آنچ دیں بغیر کھولے اسی طرح چار آگ دیں پھٹکری کی کھٹاس ختم ہو جائے اگر کچھ کھٹاس ہو تو مزید آگ دیں

درمیانہ کیپسول دودھ کے ساتھ دیں

شھوت انگیز ہے جریان اوراحتلام جنسی کمزوری کو ٹھیک کرتی ہے میرے معمولات میں سے
ھے
حکیم علی اصغر قادری ٹیکسلا

# روغن اربعہ



پھٹکری
قلمی شورہ
نوسادر
سہاگہ
ہرایک ایک تولہ لیکر علیحدہ علیحدہ باریک سفوف بنالیں اور مکس کرکے ایک گھیکوار کا پٹا لیکر درمیان سے چیر کر دونوں پر یہ سفوف چھڑک دیں پھر دونوں کو ملاکر تاگا سے باندھ دیں مضبوط اور دھوپ میں لٹکا کر نیچے چینی کی کٹورا رکھیں عرق ٹپک کر جمع ہو گا محفوظ کرلیں

## خوراک


تین سے چار قطرے پانی میں ملاکر دیں میں شوگر آف ملک میں ملاکر دیتاہوں یادیسی کھانڈ میں

## فوائد

ورم طحال اور پیٹ درد کیلئے لاجواب رزلٹ ہے

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

# یرقان



مغز ہنگن تین تولہ

پھٹکری خام تین تولہ

املی تین تولہ

مرغ کا پتہ تین عدد

## ترکیب تیاری

پہلے پھٹکری کا سفوف کرلیں پھر املی ڈال کر کھرل کرلیں پھر مغز ہنگن آخر میں پتہ مرغ ایک ایک شامل کر کے کھرل کرلیں اور گولیاں نخود برابر بنالیں

## خوراک

بچوں کو ایک عدد بڑوں کو دو عدد صبح وشام پانی سے

## فوائد

یرقان کیلئے ہمارا مجرب ومعمول مطب ہے

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

# دوائے مومیائی

پھٹکری سفید 5 تولہ

شنگرف 1 تولہ

## ترکیب تیاری

دونوں کو علیحدہ علیحدہ باریک سفوف بنالیں آہنی توے پر پہلے آدھا سفوف پھٹکری بچھا کر اسکے اوپر شنگرف کا سفوف پورا بچھادیں پھر اوپر سے باقی آدھا پھٹکری کا سفوف بچھا کر نیچے درمیانی آگ جلائیں جب پھٹکری بریاں ہو جائے تو آگ بند کر کے سرد ہونے پر نکال لیں اور تمام کو پیس کر رکھ لیں

## خوراک

دو رتی ہمراہ گرم دودھ کے دیں

## فوائد

سیلان الرحم، وجع المفاصل، ہڈی میں درد جو چوٹ کی وجہ سے ہو کیلئے بہترین رزلٹ ہے. گویا کہ مومیائی کے برابر ہے. کافی عرصہ دراز سے بنا کر استعمال کروا رہا ہوں

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

# سفوف / حابس

پھٹکڑی 50 گرام گیرو 50 گرام سنگجڑا 100 گرام علیدہ علیدہ کھرل کر کے پھر تینوں کو ملا کر کھرل کریں ملائم ہونے پر محفوظ کر لیں مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک کیپسول میں بھر کر دیں خون روکنے کی فوری اثر دوا ہے جریان منی لیکوریا اور سوزاک میں بہترین دوا ہے خونی پیچش اور دستوں میں بہترین کام کرتی ہے گرمی اور یرکان کیلئے فائدہ مند ہے

حکیم ملک غلام محمد شاکر اچشریف

تصدیق

حکیم عمران اسلم گوندل

موڑایمن آباد گوجرانوالہ

یہ نسخہ میرا ابھی معمول مطب ہے بہترین نتائج ہیں..

تصدیق

حکیم عاصم بابا

# سوزاک کیلئے مجرب معمول مطب

نسخہ

پھٹکری سفید 3 تولہ

گیرو 3 تولہ

نیلا خام چھ ماشہ

تینوں کو باہم ملا کر کڑاہی میں ڈالکر آگ پر رکھیں اوپر سے پانچ عدد ریٹھ کا پوست پانی میں بھگو کر خوب ملچھان کر وہ پانی ڈالدیں اور لکڑی سے ہلا دیں جب قوام گاڑھا اور خشک ہو جائے تو اتار لیں سرد ہونے پر خشک ہو جائے گا باریک پیسکر رکھیں

**مقدار خوراک**

دو ماشہ سے 3 ماشہ تک صبح شام شربت بزوری سے

**فوائد**

سوزاک کیلئے مجرب ہے

**حکیم قاری شکیل احمد انڈیا**

## نزلہ زکام ریشہ بخار جتنا بھی پرانا ہو

تخم دھتورہ سیاہ ایک پاؤ دو کلو پانی میں ابالیں جب ایک کلو پانی باقی رہ جائے تو ایک کلو پھٹکڑی سفید ڈال دیں آگ پر ہی خشک کریں. اتار کر پاؤڈر کر لیں

**خوراک**

**1** تا **2** رتی ہمراہ تازہ پانی

نزلہ زکام ریشہ بخار جتنا پرانا ہو گا انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا کھانسی کے لیے بھی بہت عجیب چیز ہے اور مزے کی بات یہ کہ زکام جتنا بھی پانی کی طرح بہہ رہا ہو پانچ منٹ کے اندر اندر رک جائے گا

حکیم محمد جاوید بھٹی بھوآنہ چنیوٹ



## کشتہ زاج

زاج ابیض **1** پاؤ

سندھور **1** پاؤ

زاج کو تھوڑا دردڑا کر لیں

تقریبا **2** کلو والی کجی میں دونوں اجزاء ڈال کر حکمت کریں اور اچھی طرح خشک کریں

**25** کلو اوپلوں کی گڑھے میں رکھ آگ دے دیں

ٹھنڈا ہونے پر نکال کر اچھی طرح کھرل کریں

**مقدار خوراک**

**1** ماشہ ہمراہ

شربت بزوری / انجبار

کے ساتھ صبح شام دیں

**فوائد**

ہمہ قسم کے خون کو روکتا ھے

لیکوریا- جریان احتلام کیلئے بہترین نتائج کا حامل ھے

حکیم محمد عتیق الرحمان

علوی دواخانہ کوٹ اسلام تحصیل کبیر والا—خانیوال

## پتھری چند یوم میں ریت بن کر نکل جائے گی

عرق پھٹکڑی **4** سے **6** قطرہ

عرق جوانسہ یا عرق سونف ایک کپ میں شامل کرکے صبح دوپہر شام پلائیں تو انڈے ور گی

پتھری چند یوم میں ریت بن کر نکل جائے گی

بفضل خدا

ان شاء اللہ

عبدالکریم آزاد

# پھٹکری کا عرق

پھٹکری کا عرق اگر چہرے کی چھائیوں پر لگائیں تو چھائیاں ختم ہو جاتی ہیں

شاہد محمود

# پھٹکری کا عرق

جی بلکل

اگراس عرق کو شہد یا زیتون کے تیل میں شامل کر کے چہرے پر لگائیں تو جلد رزلٹ ملتا ہے

عبدالکریم آزاد

# روغن پھٹکڑی

ایک کلو پھٹکڑی سفید لے کر کھرل کریں روغنی ہنڈیا میں ڈالیں اوپر سے دو کلو پانی ڈالیں اور درمیانی آگ پر پکائیں جب پانی ایک کلو راہ جائے تو اوپر سے ایک کلو پانی اور ڈال دیں اسی طرح 25 کلو پانی لگائیں جب پانی خشک ہو جائے تو ٹھنڈا ہونے پر کھرل کریں اور اس میں ایک کلو زنک کلورائیڈ اس میں کھرل کریں اور پلاسٹک کے ٹب میں کھلے منہ کمرے میں رکھ دیں چند دنوں میں تیل ہو گا زنک نیچے بیٹھ جائے گا روئی کی وٹ لگا کر معقطر لیں پھٹکڑی کا تیل معقطر میں آجائے گا زنک پیچھے رہ جائے گا روغن پھٹکڑی تیار ہے،

میں نے کیمیاء میں استعمال کیا ہے آپ جو کام لے سکیں لے لیں

# سوزاک / لیکوریا / بیشاب رکاوٹ / یا جل کر آنا

ھوالشافی

پھٹکڑی۔ جو کھار۔ قلمی شورہ اچھے والا۔ تمام اجزاء برابر وزن

## ترکیب تیاری

تینوں اجزاء کا سفوف بنا کر مکس کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب تمام اجزاء پانی بن کر خشک ہو جائیں ٹھنڈا ہونے پر اتار کر دوبارہ رگڑائی کر کے سفوف بنالیں تیار ہے

## مقدار خوراک

1000 ایم جی کیپسول صبح شام بعد الغذاء۔ ہمراہ دودھ یا کچی لسی۔ شربت بزوری یا مناسب بدرقہ

## فوائد

سوزاک۔ لیکوریا۔ بیشاب رکاوٹ۔ یا جل کر آنا

حکیم عمران اسلم گوندل

موڑ ایمن آباد گوجرانوالہ

# لیکوریا جریان احتلام سرعت انزال

ھوالشافی

پھٹکڑی 1 پاؤ

آب برگ ببول آدھا کلو

## ترکیب تیاری

دونوں کو کڑاہی میں ڈال کر چولہے کی آگ دے کر خشک کر لیں خشک کرنے کے بعد پیس کر محفوظ کر لیں تیار ہے

## مقدار خوراک

ایک رتی سے دو رتی ہمراہ مربعہ سیب دودھ صبح شام نہار پیٹ

## فوائد

لیکوریا جریان احتلام سرعت انزال. مجرب ہے اور معمول مطب ہے

## حکیم عمران اسلم گوندل

موڑایمن آباد گوجرانوالہ

# یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن کی طرف سے

پی ڈی ایف کی تیاری پر اعلیٰ خدمات سر انجام دینے پر

حکیم قیوم خان صاحب کو

تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا جاتا ہے

گروپ علم سنیاس وکشتہ سازی ٹیم کی طرف سے

محترم جناب قبلہ ملک ناصر صاحب

محترم جناب قبلہ حکیم قیوم خان صاحب

کو تعریفی سرٹیفکیٹ ملنے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں

منجانب ایڈمن ٹیم

## علم سنیاس وکشتہ سازی گروپ

